اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# اَسْمَاءُ الحُسْنٰی

هُوَاللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ هُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ

## اعداد حروف ابجد

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ا | ب | ج | د | ه | و | ز | ح | ط | |
| 1 | 2 | 3 | 4 | 5 | 6 | 7 | 8 | 9 | |
| ی | ک | ل | م | ن | س | ع | ف | ص | |
| 10 | 20 | 30 | 40 | 50 | 60 | 70 | 80 | 90 | |
| ق | ر | ش | ت | ث | خ | ذ | ض | ظ | غ |
| 100 | 200 | 300 | 400 | 500 | 600 | 700 | 800 | 900 | 1000 |

اسمائے الٰہی کا منبع آیات قرآنی اور احادیث رسول ﷺ کا ہے جیسا کہ آیت الکرسی میں اللہ جل جلالہ کے نام **اَللّٰهُ** جل جلالہ ، **حَیٌّ** جل جلالہ، **قَیُّوْمُ** جل جلالہ، **عَلِیٌّ** جل جلالہ ، **عَظِیْمُ** جل جلالہ ہیں۔ سورۃ حشر میں تو اللہ جل جلالہ کے پہلے 14 نام موجود ہیں، 99 ناموں کی ترتیب حدیث مبارکہ سے ہے جس میں ایسے بیان کیا گیا ہے کہ جو اللہ جل جلالہ کے 99 ناموں کا ورد کرتا رہے گا تو اسے جنت میں داخل کر دیا جائے گا ،اللہ کے ناموں میں ایسی ایسی برکت، رحمت اور کرم نوازی موجود ہے جو انسانی عقل وشعور سے بہت بالاتر ہے ،الحمد شریف سے لے کر والناس تک اللہ جل جلالہ نے خود ہی بیان کر دیا ہے کہ وہ خود کیسا اللہ جل شانہ ہے، کیسا رحمٰن جل شانہ ہے، کیسا رحیم جل شانہ ہے، کیسا قادر جل شانہ ہے، کیسا کریم جل شانہ ہے، جس جس نام سے اسے پکارتے جاؤ گے اسی نام کی خیر وبرکت ملتی جائے گی، بہترین طریقہ اسمائے الٰہی سے مستفید ہونے کا حسبِ ذیل ہے۔

روزانہ 9 نام اللہ جل شانہ کے خوائص اور فوائد کے ساتھ تین تین بار انتہائی غور سے پڑھیں۔ ان کو اپنے ذہن کا حصہ بناتے جائیں۔ 11 دن کے بعد آپ کی پریکٹس اتنی ہو جانی چاہیئے کہ انسانی مسائل کے لحاظ سے کون کون سے اسم الٰہی کس کس مسئلے کا حل ہیں، تین مہینے کے اندر کم از کم اسم الٰہی کے یاد کرنے کی پریکٹس 3 بار مکمل ہو جانی چاہیئے۔ جتنی بار آپ ان اسم الٰہی میں ڈوبتے جائیں گے اتنے ہی وقت کے ساتھ ساتھ نئے راز کھلتے جائیں گے۔ انشاء اللہ اس کتاب کو بار بار پڑھنے سے ایک ہی مسئلہ کیلئے علیحدہ علیحدہ اسمِ الٰہی ذہن میں آتے جائیں گے جیسا کہ مغفرت کیلئے **یَا عُفُوُّ۔ یَا غَفَّارُ۔ یَا سَتَّارُ** وغیرہ وغیرہ۔ روزی کیلئے **یَا رَزَّاقُ۔ یَا بَاسِطُ۔ یَا مَالِکَ الْمُلْکِ** وغیرہ وغیرہ جتنی پریکٹس ہو گی اتنی ہی کامیابی ملے گی۔ اگر غور کیا جائے تو اللہ جل جلالہ کے پہلے تین ناموں کا وِرد **یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ** ہی بہت کافی ہے۔ جو یہ ورد کرتا رہے گا تو اس کے گناہوں کی قلم قیامت کے دن نہیں چلے گی، ظاہری طور پر بلڈ کینسر کا علاج تقریباً ناممکن ہے **یَا اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ** کے ورد سے یہ مرض بھی ختم ہو جاتا ہے۔ **یَا اَللّٰهُ** صاحب یقین ہونا۔ یاد الٰہی کی طرف مائل ہونا۔ حاکم کا نرم خو اور مہربان ہونا۔ دل سے شکوک وشبہات دور ہونا۔ لاعلاج مریض کا صحت یاب ہونا۔ برائی سے بچنا۔ قلب کا عارضہ جاتے رہنا۔ تمام امور آسان ہونا۔ عشق الٰہی کا ملنا۔ خوف وڈر سے نکلنا۔ صاحب کشف اور صاحب باطن ہونا۔ **یَا رَحْمٰنُ** دنیا کی بلاؤں سے محفوظ ہونا۔ ہر مرض اور عارضے سے نجات ملنا۔ نسیان کا عارضہ ختم ہونا۔ حافظے کو تقویت ملنا۔ رعشہ کا مرض دور ہونا۔ دل سے غفلت دور اور قلب منور ہونا۔ دشمن میں حیاء شرافت اور نرمی پیدا ہونا۔ (مشک وزعفران سے لکھنے سے)۔ مناسب رشتہ کا مل جانا۔ اللہ جل جلالہ کی رحمتوں اور مہربانیوں سے مستفید ہونا۔ **یَا رَحِیْمُ** باعث رحمت اور موجب برکت ہونا۔ تسخیر قلوب کیلئے مجرب ہونا۔ مال متاع سے نوازا جانا۔ میاں بیوی کا باہمی ناراضگی کا دور ہونا۔ دشمن سے اللہ جل جلالہ کی پناہ ملنا۔ پھلوں میں برکت ہونا۔ ( **اَلرَّحْمٰنُ ، اَلرَّحِیْمُ** لکھ کر رجسٹر میں دفنانے سے )۔ مخلوق کا مہربان ہونا۔ سچی محبت کا ملنا۔ دنیاوی مشکلات سے چھٹکارا پانا۔ روحانی اور جسمانی بیماریوں کا دور ہونا۔

کبھی کبھار دو دو ناموں کا، کبھی تین ناموں کا، کبھی چار ناموں کا یا اس سے زیادہ ناموں کا ورد مختلف مسائل

کے لئے کیا جاتا ہے جن کے اولاد نہیں ہوتی تو وہ عورتیں یَااَللّٰہُ یَاخَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ کا ورد کریں جب تک اللہ تعالیٰ ان کی دعا کو قبول نہیں کر لیتا۔

رہنمائی کیلئے چند آیات قرآنی اور اسم الٰہی دیئے جا رہے ہیں۔

1۔ دل کے مرض کے لیئے۔ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ ۔ بار بار۔

2۔ شوگر کے مرض کے لیئے:۔ سَلٰمٌ ‘‘ قف قَوْلاً مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ o۔ بار بار۔(23، سورۃ یٰسین، آیت نمبر 58)

3۔ دشمنوں سے بچاؤ اور کینسر:۔(17، سورۃ انبیاء، آیت نمبر 69) قُلْنَا یٰنَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا
اولاد، خاوند اور دوسروں کی نفرت سے بچنے کیلئے وَّسَلٰماً عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَo لا ۔

4۔ حاجت روائی کے لیئے:۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُo یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ بار بار۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُo یَا اَللّٰہُ یَا رَحِیْمُ

6۔ مصیبت کو ٹالنے کے لیئے:۔ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًاo لا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًاoط۔ بار بار۔(30، سورۃ الم نشرح، نمبر 5، 6)

7۔ طلباء و طالبات کی تعلیمی کامیابی کیلئے یَا فَتَّاحُ یَا حَسِیْبُ یَا عَزِیْزُ یَا حَکِیْمُ

8۔ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ o

جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے۔ ننانوے بیماریوں کی دوا ہے، سب سے ہلکی بیماری رنج و غم و فکر و پریشانی ہے۔

9۔(۲۷) الحدید (۳) ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ ج وَھُوَ بِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ o

غیر اللہ کی محبت دور ہو گی باطنی اسرار ظاہر ہو سکیں گے اور قلب میں انس محبت الٰہی پیدا ہو گی اور تمام حاجتیں پوری ہوں گی۔

10۔ یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُمِیْتُ روزانہ 313 بار پڑھیں، نیکی میں بڑھنے، ہر برائی سے رکنے کیلئے، نفس پر قابو پانے کیلئے، جس مقصد کیلئے پڑھا جائے پورا ہو۔

11۔ ہر قسم کے داؤ پیچ سے بچنے کیلئے (۳۰) طارق (۱۵) اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا o لا

سسرال کے عتاب اور طلاق سے بچنے کیلئے (۱۶) وَّاَکِیْدُ کَیْدًا o ج صلے

12۔ یَا بَدِیْعَ الْعَجَآئِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ روزانہ تعداد 1200

عذاب قبر سے محفوظ رہنے کیلئے۔ یَا بَارِئُ یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ روزانہ 1100 بار

13۔ اولاد کیلئے یَااَللّٰہُ یَاخَالِقُ یَابَارِئُ یَا مُصَوِّرُ (یہ عورت کیلئے ہے) 500 بار (بیٹے کی پیدائش کیلئے)

(۲۹) نوح (۱۲) وَّیُمْدِدْکُمْ بِاَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّکُمْ اَنْھٰرًاoط اور وہ تمہاری اموال اور فرزندوں سے مدد فرمائے گا اور تمہارے لئے باغات بنا دے گا اور تمہارے لئے نہریں بنا دے گا۔

اور اس کا خاوند 101 رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ پڑھے گا

14۔ قیامت کے دن گندی فلم کے چلنے سے بچنے کیلئے

یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ 1100 بار روزانہ

اے میرے رب جل جلالہ مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو بھی سب سے اچھا وارث ہے۔

15۔ گھر میں اور باہر عزت پانے کیلئے۔

(۲) البقرہ (۱۶۵) وَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ اَنْدَادًا یُّحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ ط وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ ط

اور کچھ لوگ وہ ہیں جو اوروں کو اللہ جل جلالہ کا مدمقابل بناتے ہیں، ان سے محبت کرتے ہیں جیسے اللہ جل جلالہ سے محبت کرنا چاہیئے اور جو ایمان لائے ہیں وہ سب سے زیادہ اللہ جل جلالہ سے محبت کرتے ہیں۔

16۔ تقدیر بدلوانے کیلئے۔

(500) بار اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ o یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ o

17۔ فقر و فاقہ محتاجی اور حاجت روائی کے لئے

(1100) بار یَا وَهَّابُ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

18۔ اسرار الٰہی کیلئے (1100) بار اَللّٰهُ الصَّمَدُ

19۔ علم و حکمت کیلئے (1100) بار یَا فَتَّاحُ یَا عَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ

20۔ کفالت، توکل اور رزق کی کشادگی کیلئے

(450) بار حَسْبُنَا اللّٰهُ نِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَ نِعْمَ النَّصِیْرُ ۝ ع

اگر کسی انسان کو اسم الٰہی کی پریکٹس ہو جائے تو وہ کسی کے مسئلے کو سنتے ہوئے اپنی توجہ اللہ جل جلالہ کے 99 ناموں پر لگائے رکھے جو جو نام اس وقت اس کے دل پر آتے ہوئے محسوس ہوں وہی اسم الٰہی ورد کے لحاظ سے پڑھنے کیلئے مسئلہ پوچھنے والے کو کہہ دے انشاء اللہ ان اسم الٰہی کے ورد کی خیر و برکت سے پریشان حال کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

1۔ بیماری سے بچنے کیلئے یَآ اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ۔ یَا قُدُّوْسُ یَا سَلَامُ ۔ یَا مُهَیْمِنُ یَا حَفِیْظُ ۔ یَا جَبَّارُ ۔ یَا غَفُوْرُ یَا رَحِیْمُ ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ ۔

2۔ تقدیروں کے بدلنے کیلئے یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔

3۔ ضدی بچوں کیلئے یَا مُقِیْتُ یَا مَتِیْنُ ۔ یَا وَلِیُّ یَا حَمِیْدُ ۔

4۔ بھول چوک اور نسیان کی بیماری کیلئے یَا رَحْمٰنُ یَا مُعِیْدُ ۔ یَا قَوِیُّ یَا حَفِیْظُ

5۔ برے خوابوں سے بچنے کیلئے یَا مُقَدِّمُ یَا مُؤَخِّرُ ۔ یَا بَاقِیْ ۔ یَا مُقْسِطُ یَا نُوْرُ ۔

6۔ شادی کیلئے یَا رَحْمٰنُ یَا سَمِیْعُ یَا وَاجِدُ یَا مُغْنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا لَطِیْفُ

7۔ اولاد کیلئے یَآ اَللّٰهُ یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ ۔ یَا جَبَّارُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا کَبِیْرُ یَا مُجِیْبُ ۔ یَا مُبْدِئُ ۔ یَا وَاحِدُ یَا اَوَّلُ یَا وَارِثُ

8۔ حاملہ عورتوں کیلئے یَا قُدُّوْسُ یَا رَقِیْبُ یَا مُهَیْمِنُ یَا حَفِیْظُ ۔ یَا خَالِقُ یَا مُتَعَالِیْ یَا غَفُوْرُ یَا وَالِیْ ۔ یَا قَوِیُّ یَا مُبْدِئُ

9۔ ہر قسم کے ڈر اور حفاظت کیلئے یَا رَقِیْبُ یَا جَبَّارُ یَا قَهَّارُ یَا مُهَیْمِنُ یَا حَفِیْظُ یَا قَوِیُّ یَا عَزِیْزُ ۔

یَا مُعِزُّ یَا مُذِلُّ یَا بَصِیْرُ ۔ یَا حَسِیْبُ یَا شَهِیْدُ ۔

10۔ روزی کیلئے یَا مَالِكُ یَا وَهَّابُ یَا رَزَّاقُ ۔ یَا فَتَّاحُ یَا قَابِضُ یَا بَاسِطُ ۔ یَا رَافِعُ یَا لَطِیْفُ یَا عَلِیُّ ۔ یَا کَبِیْرُ یَا وَاسِعُ یَا وَکِیْلُ ۔ یَا مُعِیْدُ یَا قَیُّوْمُ یَا صَمَدُ ۔ یَا وَالِیُ یَا مَالِكَ الْمُلْكِ ۔ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیْ یَا وَارِثُ

11۔ اچھے اخلاق کیلئے یَا حَلِیْمُ یَا عَلِیُّ ۔ یَا کَرِیْمُ یَا وَاسِعُ ۔ یَا وَدُوْدُ یَا شَهِیْدُ ۔ یَا مَتِیْنُ یَا حَمِیْدُ ۔ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ ۔ یَا ظَاهِرُ یَا بَاطِنُ ۔ یَا بَرُّ یَا مُقْسِطُ ۔ یَا جَامِعُ یَا رَشِیْدُ

12۔ جادو ٹونے کیلئے یَا قَابِضُ ۔ یَا جَبَّارُ یَا قَهَّارُ ۔ یَا خَافِضُ ۔ یَا مُذِلُّ یَا کَبِیْرُ ۔ یَا مُمِیْتُ یَا مُنْتَقِمُ

13۔ صاحب کشف و صاحب باطن ہونے کیلئے یَآ اَللّٰهُ ۔ یَا رَحِیْمُ یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ ۔ یَا مُهَیْمِنُ یَا بَصِیْرُ ۔ یَا حَاکِمُ یَا خَبِیْرُ ۔ یَا حَلِیْمُ یَا شَکُوْرُ یَا صَمَدُ

14۔ صفائی قلب کیلئے یَآ اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ۔ یَا مَالِكُ یَا قُدُّوْسُ ۔ یَا خَالِقُ یَا بَصِیْرُ یَا وَاجِدُ ۔

15۔ مغفرت کیلئے یَآ اَللّٰهُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ۔ یَا غَفُوْرُ یَا غَفَّارُ یَا سَتَّارُ ۔ یَا عَفُوُّ یَا تَوَّابُ ۔

16۔ دعاؤں کی قبولیت کیلئے یَا لَطِیْفُ یَا شَکُوْرُ یَا سَمِیْعُ یَا مُجِیْبُ ۔ یَا مُقِیْتُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔ یَا رَشِیْدُ

17۔ طالب علموں کیلئے یَا فَتَّاحُ یَا عَزِیْزُ یَا حَسِیْبُ یَا حَکِیْمُ

18۔ میاں بیوی کے درمیان اچھے سلوک کیلئے یَا رَحِیْمُ یَا مُؤْمِنُ یَا بَاسِطُ یَا مُجِیْبُ یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُمِیْتُ ۔ یَا وَلِیُّ یَا وَدُوْدُ یَا شَهِیْدُ ۔ یَا عَفُوُّ یَا وَاجِدُ یَا مَاجِدُ ۔ یَا رَءُوْفُ یَا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔ یَا مُقْسِطُ یَا مُغْنِیْ یَا نَافِعُ یَا صَبُوْرُ ۔

| نمبر | اسمائے الٰہی | حروف ابجد | خواص اور فوائد |
|---|---|---|---|
| 1 | يَآ اَللّٰهُ<br>اے معبود | اسم ذات<br>66 | صاحب یقین ہونا۔ یادالٰہی کی طرف مائل ہونا۔ حاکم کا نرم خواور مہربان ہونا۔ دل سے شکوک وشبہات دور ہونا۔ لاعلاج مریض کا صحت یاب ہونا۔ برائی سے بچنا۔ قلب کا عارضہ جاتے رہنا۔ تمام امُورآسان ہونا۔ عشق الٰہی کا ملنا۔ خوف وڈر سے نکلنا۔ صاحب کشف اور صاحب باطن ہونا۔ |
| 2 | يَارَحْمٰنُ<br>اے بڑے مہربان | جمالی<br>298 | دنیا کی بلاؤں سے محفوظ ہونا۔ ہر مرض اور عارضے سے نجات ملنا۔ نسیان کا عارضہ ختم ہونا۔ حافظے کو تقویت ملنا۔ رعشہ کا مرض دور ہونا۔ دل سے غفلت دور اور قلب منور ہونا۔ دشمن میں حیاء شرافت اور نرمی پیدا ہوگی۔ (مشک وزعفران سے لکھنے سے)۔ مناسب رشتہ کا مل جانا۔ اللہ جل جلالہ کی رحمتوں اور مہربانیوں سے مستفید ہونا۔ |
| 3 | يَارَحِيْمُ<br>اے رحم کرنے والے | جمالی<br>258 | باعث رحمت اور موجب برکت ہونا۔ تسخیر قلوب کیلئے مجرب ہونا۔ مال متاع سے نوازا جانا۔ میاں بیوی کا باہمی ناراضگی کا دور ہونا۔ دشمن سے اللہ جل جلالہ کی پناہ ملنا۔ پھلوں میں برکت ہونا۔ (اَلرَّحمٰنُ ، اَلرَّحيْمُ لکھ کر رجسٹر میں دفنانے سے)۔ مخلوق کا مہربان ہونا۔ سچی محبت کا ملنا۔ دنیاوی مشکلات سے چھٹکارا پانا۔ روحانی اور جسمانی بیماریوں کا دور ہونا۔ |
| 4 | يَا مَالِكُ<br>اے بادشاہ | جلالی<br>90 | دل میں نور پیدا ہونا۔ صفائی قلب ملنا۔ یامالک القدوس پڑھنے سے ملکیت اور اختیار کا برقرار رہنا۔ اللہ جل جلالہ کا پڑھنے والے کیلیئے کافی ہونا۔ تنگ دستی سے چھٹکارا ملنا۔ یَا مَالِکَ الملک کا وظیفہ سے مقدمے یا مقدمات سے چھٹکارا ملنا۔ عزت ومرتبہ میں اضافہ ہونا۔ سکون ملنا اور پریشانی دور ہونا۔ صاحب جائیداد ہونا۔ روزی میں برکت ہونا۔ |
| 5 | يَاقُدُّوسُ<br>اے پاکیزہ | جمالی<br>170 | کبیرہ اور صغیرہ گناہوں سے بچنا۔ دل میں عبادت کا ذوق وشوق ہونا۔ عزت کیلئے مخصوص ہونا۔ ذہنی بیماریوں سے بچنا، بخار کا زور ٹوٹنا۔ دل کا روشن ومنور ہونا۔ چوری، زنا، شراب اور بے ہودگی سے بچنا۔ سب سے بے پرواہ ہونا۔ دوران حمل پڑھنے سے نیک سیرت بچہ کا پیدا ہونا۔ دوران سفر تھکان اور محتاجی سے محفوظ رہنا۔ دوست بننا۔ |
| 6 | يَاسَلَامُ<br>اے سلامتی دینے والے | جمالی<br>131 | خوف سے نڈر ہونا۔ صاحب علم ہونا۔ مریض کا صحت یاب ہونا۔ عیوب ونقائص سے پاک ہونا۔ خطرات، آفات وحوادث سے محفوظ ہونا۔ سلامتی ملنا جس کے لامحدود معنی ہیں۔ ۱۔ دنیا میں سلامتی ۲۔ نزاع میں سلامتی ۳۔ قبر میں سلامتی ۴۔ قیامت کے دن سلامتی ۵۔ قیامت کے بعد ہمیشہ ہمیشہ کیلئے سلامتی وامن کا قائم ہونا ، سلام ”قول من رب رحیم“ کے ورد کی انتہا، دیدار الٰہی ہے۔ سر درد اور آدھے سر درد کیلئے دم کرنا۔ |
| 7 | يَامُؤْمِنُ<br>اے امن دینے والے | جمالی<br>136 | دعا کی قبولیت ہونا۔ ظاہر و باطن کی دولت کا حاصل ہونا۔ خوف وخطرات سے آزاد ہونا۔ شیطان سے تحفظ ملنا۔ دشمن پر غلبہ پانا۔ اللہ تعالیٰ کی امان میں رہنا۔ خاوند کے رویئے کا درست ہونا۔ |
| 8 | يَامُهَيْمِنُ<br>اے نگہبان | جمالی<br>145 | دنیا کی آفتوں سے محفوظ ہونا۔ ظاہر و باطن میں نور پیدا ہونا۔ غموں سے نجات ملنا۔ صاحب کشف ہونا۔ روحانی اور جسمانی بیماریوں سے نجات پانا۔ محبت الٰہی میں اضافہ ہونا، غموں سے نجات پانا۔ سفر میں پڑھنے سے خیریت سے واپس آنا۔ |
| 9 | يَاعَزِيْزُ<br>اے غلبہ دینے والے | جمالی<br>94 | ہر ایک پر غلبہ پانا۔ کسی کا محتاج نہ ہونا۔ خود کفیل ہونا۔ ہمیشہ باعزت رہنا۔ نفسانی، شیطانی اور شہوانی خواہشات سے بچنا۔ مشکلات اور محتاجی سے نجات ۔ معزول اور نوکری سے نکالے شخص کا بحال ہونا۔ نظروں سے گری بیوی کا دوبارہ باعزت ہونا۔ |
| 10 | يَاجَبَّارُ<br>اے جبر کرنے والے | جلالی<br>206 | بگڑے کاموں کا بننا۔ دشمن سے نجات ملنا۔ وبائی اور چھوت چھات کی بیماریوں سے محفوظ ہونا۔ مال و دولت سے نوازا جانا۔ دنیا کی نظر میں معزز ہونا۔ طاقت سے بگڑے کاموں کا درست ہونا۔ کالے علم کے وار سے بچنا۔ عزت ومنصب کا عطا ہونا۔ نفس کی سرکشی سے بچنا۔ ہر درد روکنے کیلئے ماتھے پر بار بار یا جبار لکھنا۔ لاغر بچوں کیلئے تیل پر دم کر کے ملنا۔ سر درد، اولاد کی بندش کیلئے دم کرنا۔ |

| نمبر | اسم | عدد | فوائد |
|---|---|---|---|
| 11 | یَامُتَکَبِّرُ<br>اے بڑائی والے | جلالی<br>662 | مقبول اور باوقار ہونا۔ بانجھ عورت کا ٹھیک ہونا۔ پریشانی، سوچ و بچار یا کسی عارضہ میں نیند نہ آتی ہو تو اس ورد سے نیند کا آنا۔ دنیاوی حیثیت اور مرتبہ میں ترقی پانا۔ ہر کام میں برکت ہونا اور مشکل کشائی کا ملنا۔ باوقار اولاد پیدا ہونا خاص کر نرینا۔ دوسروں کے غرور و گمنڈ کا دور ہونا۔ ڈراؤنے خیالات، پریشان خواب سے بچنا۔ نیک، صالح، باوقار فرزند پیدا ہونا۔ |
| 12 | یَاخَالِقُ<br>اے بنانے والے | 731<br>جمالی | صفائی قلب ہونا۔ نیک اور صالح اولاد کا ہونا۔ چہرہ کا منور ہونا۔ غصہ پر قابو پانا۔ بخار سے شفاء ملنا۔ دم کئے ہوئے پانی کا بانجھ پن ختم کرنا۔ ضدی بچوں کو دم کیا ہوا پانی یا میٹھی چیز کھلانا۔ (جو شخص روزانہ 9 مرتبہ یَاخَالِقُ پڑھتا ہے اسکی قبر پر ایک فرشتہ مقرر کر دیا جاتا ہے۔ حمل کے ابتدائی دنوں میں پڑھنے سے خوبصورت اولاد ہونا۔ جو قیامت تک اسکے لیئے یا خالق رہے گا جس کا اجر مرنے والے کو دیا جائے گا) |
| 13 | یَابَارِئُ<br>اے عالم کو بنانے والا | 213<br>جلالی | عذاب قبر سے محفوظ ہونا، اور لاش کا بھی قبر میں خراب نہ ہونا۔ بانجھ پن کا ختم ہونا۔ وسواس و شیطانی اور غلبۂ نفسانی خواہشات سے بچنا۔ ہر مشکل اور مصیبت سے بچنا۔ سر درد اور دانت درد کیلئے دم کیا ہوا پانی پینا۔ |
| 14 | یَامُصَوِّرُ<br>اے ہر ایک کو صورت دینے والے | 336<br>جلالی | حمل قرار پانا۔ فرزند صالح پیدا ہونا۔ ایمان کا مظبوط ہونا۔ مشکلات کا دور ہونا۔ انسانی ادراک فکر میں حسن افزا کا پیدا ہونا۔ سکون حیات میں اضافہ ہونا۔ دم کئے ہوئے پانی کا شفا بخش ہونا۔ |
| 15 | یَاغَفَّارُ<br>اے بڑے بخشنے والے | 128<br>جمالی | مقبولوں میں شامل ہونا۔ وسوسہ و شیطانی اور غلبۂ نفسانی خواہشات سے بچنا۔ تنگی ختم ہونا۔ بے حساب رزق ملنا۔ گناہوں کا معاف ہونا۔ مشکلات اور پریشانیوں کا دور ہونا۔ نیکیوں میں بڑھنا۔ ناحق مقدمے میں پھنسے ہوئے شخص کا بری ہونا۔ قلب و روح کو سکون و اطمینان ملنا۔ نزاع کے وقت دم کیا ہوا پانی دینا اور پھونک مارنا۔ سر درد، دانت درد، کمر درد کیلئے دم کیا ہوا پانی پینا۔ |
| 16 | یَاقَھَّارُ<br>اے غلبہ والے | 306<br>جلالی | اللہ و رسول کی محبت سے دل معمور ہونا۔ دشمنوں پر غلبہ پانا۔ آسیب کا اثر ختم ہونا۔ طبیعت میں بے چینی او بے جا قسم کے اضطراب سے بچنا۔ دین و دنیا میں عزت اور آبرو پانا۔ شیطانی وسوسوں سے بچنا۔ مشکلات سے نکلنا۔ شیر خوار سوکھڑے بچے کو دم کیا ہوا تیل لگانا۔ |
| 17 | یَاوَھَّابُ<br>اے بہت دینے والے | 14<br>جمالی | رزق کے دروازوں کا کھلنا۔ ہر دلعزیز ہونا۔ قبولیت دعا ہونا۔ طبیعت میں نرمی پیدا ہونا۔ سر سجدے میں رکھ کر مانگا جائے تو کاروبار میں وسعت اور کمائی میں برکت ہونا۔ مشکلات کا دور ہونا۔ فقر و فاقہ کا دور ہونا۔ |
| 18 | یَارَزَّاقُ<br>اے روزی پہنچانے والے | 308<br>جمالی | رزق اور کمائی میں برکت ہونا۔ غیب سے روزی ملنا۔ غربت مفلسی اور محتاجی سے بچنا۔ کاروباری معاملات کا احسن طریقے اور خواش اسلوبی سے چلنا۔ مکان کا ہر بلا سے محفوظ رہنا۔ ملازمت میں ترقی ملنا۔ بند کاروبار کا دوبارہ جاری ہونا۔ (تین روزے رکھے جائیں اور لگاتار یارزاقُ کا ورد کیا جائے)۔ |
| 19 | یَافَتَّاحُ<br>اے کھولنے والے | 489<br>جمالی | دل کا نورِ ایمان سے منور ہونا۔ ہر کام میں آسانی پیدا ہونا۔ قسمت کا کھل جانا۔ ذہانت میں اضافہ ہونا۔ زبان کی گرہیں کھلنا۔ دل کو سکون اور قرار ملنا۔ مقدمے سے نجات ملنا۔ بگڑے کاموں کا بننا۔ کدورتوں اور آلائشوں سے پاک ہونا۔ برائیوں سے بچنا۔ خوشحالی او رگشائشِ رزق حاصل ہونا۔ (رُکی ہوئی شادی کیلئے اس کا وِرد بہت لاجواب ہے) |
| 20 | یَاعَلِیْمُ<br>اے جاننے والے | 150<br>جمالی | معرفت اور قرب الٰہی کا ملنا۔ قلب اور روح کو دولت سکون ملنا۔ صاحب کشف ہونا۔ دنیاوی مسائل اور مشکلات کا حل ہونا۔ علم و آگاہی میں اضافہ ہونا۔ بذریعہ خواب اچھا یا بُرا انجام معلوم ہونا۔ پاگل پن بیماری کیلئے دم کیا ہوا پانی پینا۔ قوت حافظہ اور نسیان عارضہ کیلئے دم کیا ہوا پانی پینا۔ |
| 21 | یَاقَابِضُ<br>اے روکنے والے، چھین لینے والے، مارنے والے | 903<br>جلالی | رزق میں کشادگی ہونا۔ دشمنوں پر فتح پانا۔ جادو ٹونہ، جن بھوت کے ڈر سے بچنا۔ مشکلیں آسان ہونا۔ عذاب قبر سے بچنا۔ بلاؤں اور وبائی امراض سے بچنا۔ نیکی کی طرف بڑھنا۔ مالی نقصان سے بچنا۔ چوٹ، درد، زخم کی تکلیف کا دور ہونا۔ |
| 22 | یَابَاسِطُ<br>اے کشادگی پیدا کرنے والے | 72<br>جمالی | محتاجی دور ہونا۔ ضروریات پورا ہونا۔ رزق میں وسعت اور خیر و برکت کا ملنا۔ صحت و تندرستی ملنا۔ بدمزاج، ضدی، درشت لہجہ بیوی کو دم کیا ہوا پانی پلانا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 23 | یَاخَافِضُ<br>اے نیچا کرنے والے، اے تہ و بالا کرنے والے | 1481<br>جلالی | دشمن پر غالب ہونا۔ متکبر اور مغرور آدمی کا مزاج نرم ہونا۔ جن بھوت، آسیب سے بچنا۔ مشکلات پر قابو پانا۔ مالی وجانی نقصان سے محفوظ رہنا۔ برا سلوک نہ کرسکنا۔ |
| 24 | یَا رَافِعُ<br>اے بلند کرنیوالے | 351<br>جمالی | ہر دلعزیز ہونا اور عزت کا بڑھنا۔ رزق میں اضافہ۔ قرضے سے فارغ ہونا۔ محتاجی سے آزادی ملنا۔ بارعب ہونا۔ آفت وبلا سے محفوظ ہونا۔ |
| 25 | یَا مُعِزُّ<br>اے عزت دینے والے | 117<br>جمالی | ہر کام میں آسانی اور قابو پانا۔ مرادوں کا پورا ہونا۔ کسی سے نہ ڈرنا۔ لوگوں کی نظروں میں معتبر ہونا۔ صاحب توقیر ہونا۔ اہل خانہ میں عزت وباوقار ہونا۔ سفر میں حفاظت ہونا۔ شیاطین اور نفسانی وسوسوں سے بچنا۔ اللہ جل جلالہ کی حفاظت میں رہنا۔ |
| 26 | یَا مُذِلُّ<br>اے ذلت دینے والے | 770<br>جلالی | صاحب عزت بن جانا۔ ظالم کا ظلم کو چھوڑنا۔ حاسد کے حسد سے بچنا۔ بدکلام افسر سے نجات ملنا۔ نفسانی خواہشات کی اصلاح ہونا۔ مخالفت کرنے والے کا ہمیشہ ذلیل ہونا۔ شیطان کے شر سے بچنا۔ اللہ جل جلالہ کی پناہ میں رہنا۔ رُکے ہوئے حق کا ملنا۔ آسیب کیلئے دم کرنا۔ بچوں میں بیماری اُمّ سیان (یعنی ایک طرح کی مرگی) کا علاج۔ |
| 27 | یَا سَمِیْعُ<br>اے سننے والے | 180<br>جمالی | دعائیں قبول ہونا۔ مشکلوں کا آسان ہونا۔ سماعت کا بحال ہونا۔ اللہ جل جلالہ کی حفاظت میں رہنا۔ لوگوں کی نظروں میں مقبول اور ہر دلعزیز ہونا۔ کان کے اندر درد یا زخم کا دم سے ٹھیک ہونا۔ شادی کا خواہش مند دعا کرے تو انشاءاللہ دُعا کا قبول ہونا۔ |
| 28 | یَا بَصِیْرُ<br>اے دیکھنے والے، جاننے والے، علم رکھنے والے | 302<br>جمالی | اللہ جل جلالہ کی نگرانی، حفاظت اور پناہ میں رہنا۔ اللہ جل جلالہ کی نظر خاص میں رہنا۔ نورِ ہدائیت سے دل کا منور ہونا۔ عارف باللہ بننا۔ متقی اور کامل ہوتے جانا۔ صاحب بصیرت ہونا۔ ہمیشہ بینائی کا قائم رہنا۔ بیماریوں سے شفاء ملنا۔ اچانک موت سے بچنا۔ دین اور رسول ﷺ کی محبت میں بڑھنا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 29 | یَا حَکَمُ<br>اے فیصلہ کرنیوالے انصاف کرنیوالے | 68<br>جمالی | ہر مشکل کا آسان ہونا۔ نیک کام میں کامیابی ملنا۔ کشف و الہام سے آگاہ ہونا۔ محتاجی دور ہونا۔ حصول اقتدار کا مفید ہونا۔ بتدریج صاحب اختیار بننا۔ رزق روزی اور ترقی معاش کا دوبارہ بحال ہونا۔ پھنسے ہوئے مقدمے یا کاروائی سے آزاد ہونا۔ عالم کا واعظ اور نصیحت پُر اثر ہونا۔ |
| 30 | یَا عَدْلُ<br>اے انصاف کرنیوالے | 104<br>جمالی | مقدمہ میں کامیابی ملنا۔ ظالم کے ظلم اور زیادتی سے بچنا۔ ہر طرح کی زمینی وآسمانی بلاؤں، ابتلاؤں اور آفات سے محفوظ رہنا۔ خلقت میں عزت ووقار کا ملنا۔ رضائے الٰہی کا جذبہ پیدا ہونا۔ زندگی کے تمام امور ومعاملات میں ناانصافی سے بچے رہنا۔ حاکم یا افسر کا نرم ہونا |
| 31 | یَا لَطِیْفُ<br>اے بڑے باریک بین، اے مہربان | 129<br>جمالی | دلی مراد کا پورا ہونا۔ مشکلات میں آسانیاں پیدا ہونا۔ مزاج میں لطافت اور نفاست کا پیدا ہونا۔ سفر میں سلامتی، بیماری سے نجات اور پریشانیوں سے حفاظت۔ رزق وروزی میں اضافہ محتاجی سے چھٹکارا ملنا۔ ملازمت پر بحال ہونا۔ شادی کیلئے اس کا وظیفہ بے حد مجرب ہے۔ 2 نفل پڑھ کر ورد کریں اور دعا کا قبول ہونا۔ استخارہ کیلئے پڑھنا۔ |
| 32 | یَا خَبِیْرُ<br>اے خبر رکھنے والے، اے نگہبان، اے دانا | 812<br>جمالی | مومن کی فراست سے نوازا جانا۔ نفس امارہ پر غلبہ پانا۔ علت بد اور خصلت ناشائستہ سے بچنا۔ ہر مشکل سے نجات پانا۔ اسرارِ پوشیدہ کا ظاہر ہونا۔ صاحب کشف ہونا۔ |
| 33 | یَا حَلِیْمُ<br>اے بُردبار، اے عمل والے | 88<br>جمالی | صنعت وحرفت اور کھیتی باڑی میں ترقی ملنا۔ حوصلے اور ہمت میں بلند ہونا۔ خلقت میں باوقار ہونا اور شرمندگی سے بچنا۔ معرفت الٰہی اور کشف حاصل ہونا۔ طبیعت میں نرم دلی ہونا، بیماری کی شدت کم کرنے کیلئے دم کریں۔ بچہ کی بداخلاقی کا اچھے اخلاق میں بدلنا۔ |
| 34 | یَا عَظِیْمُ<br>اے بزرگ، اے نہایت باعظمت | 1020<br>جمالی | اللہ جل جلالہ کی محبت ملنا۔ عزت، دولت اور صحت کا ملنا۔ قابل تعظیم ہونا۔ آفتوں سے نجات اور بیماری سے شفا ملنا۔ مقام منصب اور عہدے میں ترقی پانا۔ مرادوں کا پورا ہونا اور مقاصد میں کامیابی ملنا۔ پیٹ درد کیلئے دم کیا ہوا پانی لیں۔ |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 35 | **یَا غَفُوْرُ**<br>اے گناہ مٹانے والے | 1286 | جمالی | اللہ جل جلالہ کی مغفرت ملنا، گناہوں سے بچے رہنا۔ اللہ جل جلالہ کی حفاظت کا ہونا۔ وسوسوں اور آلائشوں سے پاک ہونا۔ خاندانی مشکلات اور بدسگالیوں سے بچنا۔ مال و اولاد اور تجارت میں برکت ہونا۔ درخت پھلوں سے بھر جانا۔ روٹی پر دم کرنے سے مریض کو شفا حاصل ہونا ۔ سر درد اور بخار کیلئے یاغفور یارحیم کا دم کرنا۔ حاملہ عورتوں کا حمل بچانے کیلئے دم کیا ہوا پانی دیں۔ |
| 36 | **یَا شَکُوْرُ**<br>اے صلہ دینے والے، اے سب سے بڑے شکرگزار | 526 | جمالی | نگاہ کا ٹھیک رہنا۔ مستجاب الدعوات ہونا۔ اللہ جل جلالہ کی نعمتوں اور رحمتوں میں اضافہ ہونا ۔ رنج وغم میں مبتلا کا یا معاش میں تنگی کا دور ہونا۔ ہر طرح کی بیماری سے شفا ہونا۔ خلق میں عزت اور آخرت میں بلند مرتبہ ہونا۔ صاحب کشف ہونا۔ قلبی اور روحانی سکون ملنا۔ نظر بد کیلئے دم کیا ہوا پانی پلائیں۔ |
| 37 | **یَا عَلِیُّ**<br>اے اونچے، اے سب سے اعلیٰ | 110 | جلالی | با اخلاق اور تحمل مزاج ہونا۔ صاحب مال ہونا۔ گمراہی اور فسق و فجور سے بچنا۔ دنیاوی درجات اور مراتب کی بلندی ملنا۔ سدا با عزت رہنا۔ اللہ کی رحمتوں میں رہنا۔ بے راہ روی سے بچنا۔ بچہ کا جلد طاقتور اور جوان بننا۔ سفر سے بخیریت واپسی و دیگر مقاصد کا پورا ہونا۔ بیوی کا تابع ہونا۔ |
| 38 | **یَا کَبِیْرُ**<br>اے سب سے بڑائی والے، اے انتہائی بزرگ | 232 | جمالی | سدا عالی قدر، عزت والا ہونا۔ ہر دشمن سے محفوظ رہنا۔ زہریلے جانور کے زہر کا اثر نہ کرنا۔ تنگی اور ذلت ختم ہونا ۔ باوقار اور کامیاب زندگی گزرنا۔ ہر آفت و بلا سے دور رہنا۔ روزی کے نئے ذرائع کھلنا اور کاروبار میں برکت ہونا۔ نیک صالح اولاد کی پیدائش ہونا۔ منصب اور عہدے پر دوام ہونا۔ بیماری میں شفاء ہونا، سر درد کیلئے دم کریں۔ |
| 39 | **یَا حَفِیْظُ**<br>اے نگران، محافظ | 998 | جمالی | آسیب و جنات کا اثر نہ ہونا، تعویز کا بھی اچھا رہنا۔ مال و اسباب کا گم نہ ہونا۔ آفات و حادثات سے محفوظ رہنا۔ اللہ کی حفاظت میں رہنا۔ بیماریوں سے شفاء ملنا۔ نظر بد سے بچنا ۔ حافظہ تیز ہونا، نسیان کے مرض سے بچنا۔ گلے میں تعویز بنا کر ڈالنے سے بے خوف رہنا ۔ ہائی بلڈ پریشر کیلئے دم کیا ہوا پانی پئیں۔ |
| 40 | **یَا مُقِیْتُ**<br>اے روزی دینے والے، اے قوت اور قدرت والے | 450 | جمالی | اندرونی اور بیرونی بیماریوں سے بچنا۔ مفلسی اور مسکینی سے بچنا۔ جسمانی طور پر تندرست و توانا ہونا۔ ضدی بچہ کا ضد ترک کرنا۔ دعاؤں کی قبولیت و سکون قلب ملنا۔ سفر میں پانی دم کر کے پیا جائے تو پیاس کا ختم ہو جانا۔ |
| 41 | **یَا حَسِیْبُ**<br>اے کفایت کرنے والے، اے حساب لینے والے | 80 | جمالی | دشمنوں کی دشمنی ختم ہونا۔ چوروں کا خوف جاتے رہنا۔ ہمسایہ کی بدی سے بچا رہنا۔ ہر مشکل سے نجات پانا۔ طالب علموں کو کامیابی ملنا۔ اللہ جل جلالہ کی حفاظت میں رہنا۔ آفات ارضی و سماوی سے بچنا۔ قناعت کا ملنا۔ |
| 42 | **یَا جَلِیْلُ**<br>اے بزرگی والے، اے طاقتور | 73 | جلالی | لوگوں کے دلوں پر رعب و دبدبہ ہونا۔ صاحب عزت اور باوقار ہونا۔ جھوٹے گواہ سے بچنا ۔ دوران سفر سامان کی حفاظت ہونا۔ فقر و فاقہ سے بچنا۔ عبادات میں محویت اور اشتیاق پیدا ہونا۔ میاں بیوی میں محبت کا موجب بننا۔ بدسکونی اور دل کی بے قراری کیلئے پانی دم کریں |
| 43 | **یَا کَرِیْمُ**<br>اے کرم کرنیوالے بزرگی والے | 270 | جمالی | خلق میں عزت و کرم کا ملنا۔ مہربان اور نیک اطوار ہونا۔ حاجت پوری ہونا۔ دین و دنیا میں فلاح پانا۔ دل میں لطف و کرم اور سخاوت کا جذبہ پیدا ہونا۔ سوتے وقت پڑھتے رہیں تو فرشتے بھی بہتری کی دعا کرتے ہیں۔ جس نے اپنے رب کو قادر اور کریم جانا اور **یا قادرُ یا کریمُ** کا ورد کرتا رہا تو اس نے اس کائنات کا راز پالیا، جب بندہ اپنے رب کو قادر کہتا ہے تو وہ خود بتاتا ہے کہ میں کیسا قادر ہوں اور جب وہ اسے کریم کہتا ہے تو وہ خود بتا دیتا ہے کہ وہ کیسا کریم ہے ، **یا قادرُ یا کریمُ** کے وظیفہ سے بدنصیبیاں خوش نصیبیوں میں بدل جاتی ہیں وہ تقدیریں جن کا فیصلہ ہو چکا ہوتا ہے وہ بھی بدل جاتی ہیں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 44 | **يَا رَقِيبُ**<br>اے نگہبان، اے نگاہ رکھنے والے | 312<br>جمالی | اللہ جل جلالہ کے حفظ و امان میں بندہ کا اور اس کے اہل و عیال اور مال متاع کا حفاظت میں رہنا۔ سفر کے مصائب اور حادثے سے بچنا۔ گمشدہ چیز کا ملنا۔ شیطانی وسوسوں سے حفاظت ملنا، پاکیزہ خیالات کا پیدا ہونا۔ چھینی ہوئی چیز کا واپس ملنا۔ جسم و جان کی حفاظت ہونا۔ حفاظت حمل ملنا ۔ دشمنوں اور چوروں کے خطرات سے بچے رہنا۔ مکان کی حفاظت ہونا (دم شدہ پانی چھڑکنے سے)۔ |
| 45 | **يَا مُجِيبُ**<br>اے قبول کرنیوالے جواب دینے والے | 55<br>جمالی | گمشدہ چیز کا ملنا۔ قید سے رہائی پانا۔ نرم مزاج ہونا۔ اللہ جل جلالہ کا اسے محبوب بنانا۔ سر درد کا دور ہونا۔ دعاؤں کی قبولیت اور ہر بلا سے محفوظ ہونا۔ دوران سفر محفوظ رہنا۔ ہر بیماری سے شفاء ملنا۔ حمل ضائع نہ ہونا۔ ناراض بیوی کو میکے سے واپس لانے کیلئے مجرب ہے۔ |
| 46 | **يَا وَاسِعُ**<br>اے بڑی ہی وسعت والے، بڑی ہی فراخ دلی والے | 137<br>جمالی | صبر قناعت اور مال و دولت کی نعمتوں سے فیض یاب ہونا۔ طبیعت میں بردباری اور قناعت کا ملنا۔ مشکلیں حل ہونا۔ کاروبار میں رزق و روزی میں اضافہ ہونا۔ سخاوتوں، فیاضتوں اور حسن اخلاق میں اضافہ ہونا۔ |
| 47 | **يَا حَكِيمُ**<br>اے حکمت و دانائی والے | 78<br>جمالی | علم میں زیادتی ہونا اور حکمت کے دروازوں کا کھلنا۔ اسرار الٰہی سے آگاہ ہونا۔ قرضے سے خلاصی ملنا۔ نفس کے وسوسوں سے بچنا۔ ہر مصیبت سے نجات ملنا۔ نعمت، دانائی اور عظمت، فراست سے فیض یاب ہونا۔ کوئی مہم یا مشکل کام درپیش ہو تو سات روز تک خوب تر پڑھیں۔ میاں بیوی کے درمیان صلح ہونا۔ |
| 48 | **يَا وَدُودُ**<br>اے دوستی کرنیوالے، بے حد محبت کرنیوالے | 20<br>جمالی | اللہ و رسول کی محبت سے دل سرشار ہونا۔ بدمزاجی کا ختم ہونا۔ خلق خدا پر مہربان اور دوست دار ہونا، راہ راست پر لانا۔ میاں بیوی میں بے پناہ محبت ہونا۔ منہ زور جانور یا پالتو مویشی کا علاج۔ کھانے پینے کی چیزوں پر دم کریں۔ |
| 49 | **يَا مَجِيدُ**<br>اے عزت والے، بزرگ بڑے مرتبے والے | 57<br>جمالی | لوگوں میں شرف عزت کا ملنا۔ متقی اور پرہیز گار بننا۔ پسلی کے درد کا دور ہونا۔ جذام (کوڑھ) کا ٹھیک ہونا (اسکے لیئے روزے بھی رکھے جائیں)۔ |
| 50 | **يَا بَاعِثُ**<br>اے قبر سے اٹھانے والے | 573<br>جمالی | پریشانی ختم ہونا۔ دل علم و حکمت سے منور ہونا۔ دل میں نور پیدا ہونا۔ گناہ سے نفرت ہونا۔ عالی دماغ، زندہ قلب اور صاحب قوت ہونا۔ نیکی سے رغبت اور دل کا صاف ہونا۔ بدمزاج حاکم کا نرمی سے پیش آنا۔ گم شدہ بچہ کا مل جانا۔ |
| 51 | **يَا شَهِيدُ**<br>اے موجود | 319<br>جمالی | اولاد کا نیک کردار اور پرہیز گار ہونا۔ اللہ جل جلالہ کی نگہبانی اور حفاظت ہونا۔ قلب کا روشن ہونا۔ ظاہری و باطنی خرابیوں کا دور ہونا۔ مصائب و مشکلات سے نکلنا، ریا کاری سے بچنا۔ بیوی کے دل میں محبت پیدا ہونا۔ دم سے بے ہوش مریض کا ہوش میں آنا۔ |
| 52 | **يَا حَقُّ**<br>اے ثابت کرنیوالے | 108<br>جلالی | صراط مستقیم پر گامزن ہونا۔ شیطانی وسوسوں سے بچنا۔ ہر شے کی حقیقت کو پا لینا۔ مشکلات کا آسان ہونا۔ کامیابی حاصل ہونا (مقدمہ میں)۔ گمشدہ چیز کا مل جانا یا پتہ چل جانا۔ |
| 53 | **يَا وَكِيلُ**<br>اے کارساز، کام بنانے والے | 66<br>جمالی | مشکلات اور پریشانیوں سے نجات پانا، قرضے کی واپسی کے اسباب بننا۔ رزق کی کشادگی ملنا۔ ہر کام میں آسانی ہونا۔ دلی حاجات پوری ہونا۔ ناحق قیدی کو رہائی ملنا۔ عاجزی نفس پر قابو پانا۔ آندھی طوفان سے چھٹکارا پانا یعنی پھنسے گا نہیں۔ پانی میں ڈوبتے کا بچ جانا۔ |
| 54 | **يَا قَوِيُّ**<br>اے طاقتور | 116<br>جلالی | ایمان کو قوت اور پختگی ملنا۔ دشمنوں کا بری نیت اور ارادے سے ٹل جانا۔ دشمنوں پر غالب اور مسلط ہونا، ہیبت اور دبدبہ کا ملنا۔ باطنی قوت میں بے پناہ اضافہ ہونا۔ عارضہ نسیان سے بچنا۔ حاملہ عورتوں کا اسقاط حمل سے بچنا۔ |
| 55 | **يَا مَتِينُ**<br>اے بہت مظبوط، غیر متزلزل | 500<br>جمالی | ہر مہم اور مشکل سے سرخرو ہونا۔ ماں کے دودھ میں زیادتی ہونا۔ ناگہانی عذاب سے بچنا۔ باعث رحمت و سکون ملنا۔ فسق و فجور میں اولاد مبتلا ہو تو یہ اسم پڑھ کر دم کریں۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 56 | **یا وَلِیُّ**<br>اے دوست | 46<br>جمالی | عزت وآبرو حاصل ہونا۔لوگوں کے دلوں سے واقفیت ہونا۔حسن عمل کی توفیق ملنا دشمن کی بدنیتی بھانپنا۔اللہ جل جلالہ کی دوستی کا ملنا۔انسانی خواہشات پر غلبہ پانا شیطانی وسوسوں سے پاک ہونا۔بیوی اور اولاد کا پارسا اور پرہیز گار بننا۔(اپنے اوپر دم کریں میاں بیوی کیلئے نقش) |
| 57 | **یا حَمِیْدُ**<br>تعریف کیا ہوا | 62<br>جمالی | اخلاق اچھے ہوجانا۔خوش خلق بننا، برائیوں سے نفرت ہونا۔اللہ جل جلالہ کا بندہ کو اپنا پسندیدہ بنالینا۔نیکوکار بننا، بدزبانی سے رکنا۔دم کیا ہوا پانی پینے سے بندہ نیک اور صالح ہونا۔ |
| 58 | **یا مُحْصِیُ**<br>اے گھیرنے والے | 148<br>جلالی | دشمنوں سے محفوظ ہونا۔عذاب قبر سے محفوظ ہونا۔مخلوق کا تسخیر ہونا۔عبادت وریاضت کا شوق پیدا ہونا۔جنت میں بے حساب جانا۔امن وایمان اوراللہ جل جلالہ کی پناہ میں رہنا۔بُرے خیالات، ڈراؤنے خوابوں اور کابوس سے بچنا۔دوسروں کی بھلائی پر زیادہ توجہ دینا۔ |
| 59 | **یا مُبْدِیُٔ**<br>اے پیدائش کی ابتدا کرنے والے،نیا اور انوکھا کام کرنے والے | 56<br>جلالی | امن وسکون ملنا۔بیشمار تخلیقاتی خوبیاں پیدا ہونا ۔اوصاف اور برکات کا پیدا ہونا۔لڑکا پیدا ہونا۔حمل محفوظ رہنا۔بانجھ پن بیماری کا علاج۔ |
| 60 | **یا مُعِیْدُ**<br>اے دوبارہ پیدا کرنے والے | 124<br>جمالی | اللہ جل جلالہ کا محبوب بننا۔بری عادات سے چھٹکارہ پانا ۔ بدمزاجی اور غصہ سے بچنا۔خطاؤں سے بچنا۔تنگدستی اور مفلسی سے نکلنا۔صاحب علم اور لوگوں میں معتبر اور مقبول ہونا۔عبادت الٰہی میں دل لگنا۔موت کے بعد پریشانی سے بچنا (خاتم بالخیر)۔بھول چوک (نسیان) اور بیماری سے شفاء پانا۔گمشدہ شخص یا چیز کا ملنا۔ |
| 61 | **یا مُحْیِیُ**<br>اے زندہ کرنیوالے حیات عطا کرنیوالے | 68<br>جمالی | عذاب قبر سے محفوظ رہنا۔ مردہ دل کا زندہ ہونا، ہرمشکل سے نجات پانا۔سیلاب زلزلے اور آگ سے بچنا۔ہفت اندام کے درد سے شفاء ملنا۔قلب شفاء شوگر کے مرض کو کنٹرول میں رکھنا۔ |
| 62 | **یا مُمِیْتُ**<br>اے مارنے والے | 490<br>جلالی | نقصانات اور مشکلات سے بچنا۔نفس کا تابع ہونا۔نیکی میں بڑھنا۔جادو سے محفوظ ہونا۔عبادت کا شوق پیدا ہونا۔دشمنوں کا ناکام ہونا۔بُری عادات کا ختم ہونا۔بچے کا نظر لگنے سے بچنا۔بغیر حساب جنت میں داخل ہونا۔ |
| 63 | **یا حَیُّ**<br>اے زندہ، اے سدا رہنے والے | 28<br>جمالی | لاعلاج مریض کا شفاء یافتہ ہونا۔ہنگامی نقصان، مالی خسارہ سے اور مشکلات سے بچنا۔روحانی قوت میں اضافہ ملنا۔عمر میں برکت ہونا ۔تعویز یا دم کیا ہوا پانی پینے سے صحت کا بحال ہونا۔ |
| 64 | **یا قَیُّوْمُ**<br>اے خود زندہ دوسروں کو زندہ رکھنے والے | 156<br>جلالی | تسخیر قلوب ہونا۔مشکلات کا آسان ہونا۔توکل اللہ کا ملنا۔کمائی میں خیروبرکت ہونا۔تندرستی ملنا۔بیماری دور ہونا۔ہرکام کا ہوجانا۔خوشحالی ملنا۔بے پناہ فیوض وبرکات کا حاصل ہونا۔ **یا حئی یا قیوم** کے ورد سے قبر کے عذاب سے محفوظ رہنا۔ |
| 65 | **یا وَاجِدُ**<br>اے پانے والے، اے وجود دینے والے | 14<br>جلالی | صفائی قلب اور نورِ ایمان حاصل ہونا۔ مقام معرفت حاصل ہونا۔صاحب عزت اور شرف بننا۔ دشمن کے شر اور خوف سے بچنا۔خوشحالی ملنا۔رُکی ہوئی شادی کا ہونا میاں بیوی کی محبت میں اضافہ ہونا۔ |
| 66 | **یا مَاجِدُ**<br>اے بزرگی والے، اے صاحب عظمت وجلالت والے | 48<br>جلالی | کفار ومشرکین پر دھاک بیٹھنا۔ظالم کا مرعوب ہونا۔نورِ عرفان کا حاصل ہونا۔صاحب عزت اور پروقار ہونا۔ذلت اور تہمت سے بچنا۔برائی، غیبت اور فحش گوئی سے بچنا۔اقتدار ہمیشہ قائم رہنا۔بیماری کی شدت کا کم ہونا۔دم کیا ہوا پانی ناراضگی کو دور کرتا ہے۔ |
| 67 | **یا وَاحِدُ**<br>اے یکتا، اے اکیلے | 19<br>جلالی | صالح اولاد (نرینہ) کا پیدا ہونا۔تنہائی میں ڈر یا خوف کا ختم ہونا۔نورالٰہی کا ملنا۔قوی جرأت مند اور باحوصلہ بننا۔شرک سے بچنا۔بے اولاد میاں بیوی دونوں ورد کریں تو صاحب اولاد ہونا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 68 | **یَا اَحَدُ**<br>اے ایک | 13<br>جلالی | خوف الٰہی پیدا ہونا۔اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل ہونا۔نفسانی خواہش کا محدود ہونا۔ حُب الٰہی کا ملنا۔عذاب قبر سے محفوظ ہونا۔خاتمہ بالخیر ہونا ۔عبادت میں خلاوت اور سرور حاصل ہونا۔ شرک اور گمراہی سے بچنا۔برے وسوسوں سے بچنا۔دل میں جرأت و بہادری کے جذبات کا پیدا ہونا۔لوگوں میں صاحب عزت و شرف ہونا۔والدین اولاد کو نیک اور صالح بنانے کیلئے یا احدُ، یا واحدُ کا ورد کیا کریں۔ |
| 69 | **یَا صَمَدُ**<br>اے بے نیاز، اے بلند مرتبہ | 134<br>جلالی | ظالم سے نجات پانا۔بھوک سے نجات ملنا۔مخلوق سے بے پرواہ ہونا۔صدیقوں میں شامل ہونا۔سیف زبان اور صاحب کشف بننا۔مشکلات پریشانیوں اور مسائل سے بچنا۔رزق روزی اور کاروبار میں برکت حاصل ہونا۔مرادیں پوری ہونا۔اسرارِ الٰہی کھلنا۔ |
| 70 | **یَا قَادِرُ**<br>اے طاقت والے، اے قدرت رکھنے والے | 305<br>جلالی | تقدیر کا بدلنا۔دشمن کا ذلیل و رسوا ہونا۔مشکلوں کا آسان ہونا۔ناحق الزامات اور تہمتوں سے بچنا۔صحت یاب ہونا۔دل کو تقویت ملنا ۔نفس اور شیطان پر قابو پآنا۔دم کئے ہوئے پانی سے بتدریج شفاء پانا۔ |
| 71 | **یَا مُقْتَدِرُ**<br>اے بے پناہ قدرت والے، اے بے حد وحساب اختیارات والے | 744<br>جلالی | غفلت دور ہونا۔اللہ جل جلالہ کا تمام مشکلیں حل کرنا۔صبح بیدار ہوتے ہی پڑھنے سے تمام کام کا آسان ہونا۔دعاؤں کی قبولیت ہونا۔اللہ جل جلالہ کا محبوب بننا۔عبادت کا شوق پیدا ہونا۔دشمنوں کا زیر ہونا۔ |
| 72 | **یَا مُقَدِّمُ**<br>اے بڑھانے والے | 184<br>جلالی | اللہ جل جلالہ کا مقرب بننا۔نفس پر غالب آنا۔بے خوف ہونا۔اطاعت الٰہی کا ملنا۔نیکی کے کاموں میں بڑھنا۔مشکلات سے بچنا۔بری خوابوں اور قابوس سے بچنا۔ہر اذیت و بلا سے محفوظ رہنا۔نفس کے ہاتھوں زچ اور مجبور نہ ہونا۔گمراہی اور کفر سے بچنا۔میدان جنگ میں زخمی نہ ہونا۔دشمن پر فتح پانا۔دم کی ہوئی چیزوں سے دشمنوں کا دوستی میں بدلنا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 73 | **یَا مُؤَخِّرُ**<br>اے پیچھا کرنے والے، اے بعد والے اے آخر والے | 846<br>جلالی | تمام مشکلوں کا آسان ہونا۔بگڑے کاموں کا بننا۔نیکی کی توفیق ملنا۔خاتمہ بالخیر ہونا۔نفس امارہ پر غالب آنا۔توبہ نصیب ہونا۔خدا اور رسول ﷺ کا مطیع و فرمانبردار ہونا۔اللہ جل جلالہ کی بے پناہ محبت کا ملنا۔اللہ جل جلالہ کے دوستوں کے ساتھ پیار کرنا۔دشمنوں کا دور رہنا۔ توحید کے عقیدہ کا پختہ ہونا۔لوگوں میں مقبول اور معزز ہونا۔ |
| 74 | **یَا اَوَّلُ**<br>اے سب سے پہلے، اے مقدم اعلیٰ | 37<br>جلالی | مرادیں پوری ہونا۔خلقت کا مہربان ہونا۔تقویٰ پیدا ہونا۔دنیاوی کامیابیاں وفتوحات ملنا ۔مشکلیں آسان ہونا۔مصیبت میں پھنسے ہوئے لوگوں کا نکلنا۔نرینہ اولاد کا پیدا ہونا۔نیک اولاد کیلئے پانی یا شربت کو دم کر کے حاملہ عورت کو پلانا۔ |
| 75 | **یَا اٰخِرُ**<br>اے سب سے آخر میں رہنے والے | 801<br>جلالی | دعاؤں کی قبولیت ہونا۔سفر میں عزت و کامیابی ملنا۔توبہ کا قبول ہونا۔خاتمہ بالخیر ہونا۔ دشمن پر غلبہ ملنا۔نیک اعمال میں اضافہ ہونا ۔لوگوں میں مقبول اور معزز ہونا۔ |
| 76 | **یَا ظَاهِرُ**<br>اے سب سے ظاہر | 1106<br>جلالی | بینائی میں اضافہ اور حفاظت ہونا۔دعاؤں کی قبولیت ہونا۔دل میں روشنی ملنا۔دشمن کا زیر ہونا۔ ظاہری اوصاف پیدا ہونا۔سماوی آفات، بلاؤں اور مصائب سے بچنا۔کثرت سے پڑھنے سے پوشیدہ چیزوں کا ظاہر ہونا۔نماز اشراق کے بعد پڑھنے سے آنکھوں میں چمک پیدا ہونا۔ |
| 77 | **یَا بَاطِنُ**<br>اے سب سے پوشیدہ | 62<br>جمالی | لوگوں میں ہر دلعزیز اور محبوب ہونا۔باطنی اسرار کا ملنا۔باطن کا نیک اور روشن ہونا۔گزرے ہوئے خیالات کا دل سے نکل جانا۔ |
| 78 | **یَا وَالِیُ**<br>اے کام بنانے والے، اے مالک، اے کارساز | 47<br>جمالی | دین اور دنیا کی مشکلات سے بچنا۔رزق میں خیر و برکت ہونا۔ویران جگہ کا آباد ہونا۔ سیلاب سے بچنا۔مال و متا کی حفاظت ملنا۔نفس کی حفاظت ہونا۔ حمل کی حفاظت، درد اور دکھوں سے محفوظ رہنا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 79 | **یَا مُتَعَالِیُ** اے سب سے اونچے | 541 جلالی | حیض کی تکلیف سے نجات ملنا۔شوہر کی محبت کا ملنا۔مقدمے میں کامیابی ملنا۔مشکلیں آسان ہونا۔انسان کا متحمل مزاج ، برد بار اور باحوصلہ بننا۔دعاؤں کی قبولیت ہونا ۔ پریشانیوں سے بچنا۔حاملہ عورتوں کا درد اور مصیبتوں سے بچنا اور نوزائیدہ بچے کا محفوظ رہنا۔ |
| 80 | **یَا بَرُّ** اے نیکوکار، اے صدا سچ بولنے والے، اے احسان کرنے والے | 202 جلالی | مشکلوں کا آسان ہونا۔نیکی کا جذبہ پیدا ہونا۔خوش اخلاق بننا۔نیک خصلت ہونا۔بری عادتوں سے نجات ملنا۔شرابی زانی کا گناہوں سے نکل جانا۔بچے کا تمام بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ ہونا۔بچے پر پڑھ کر دم کریں تو جوان ہونے تک ہر آفت اور مشکل سے بچے رہنا اور نیک خصلت بننا۔ |
| 81 | **یَا تَوَّابُ** اے توبہ قبول کرنے والے | 409 جمالی | خاتمہ بالخیر ہونا۔مشکلات سے نکلنا۔توبہ کی قبولیت ملنا۔کاموں کا سنورنا۔خوش حال اور آسودہ حال ہونا۔نفس اور شیطان کے فریب سے بچنا۔عبادت میں شوق اور نیکی میں بڑھنا ۔دین و دنیا کی نعمتوں کا ملنا۔ |
| 82 | **یَا مُنْتَقِمُ** اے بدلہ لینے والے، اے انتقام لینے والے | 630 جمالی | جادو کے اثرات ختم ہونا۔خلاف شرع اعمال سے باز رہنا۔ناجائز مقدمے سے خلاصی ملنا ۔دشمنوں کے مقابلہ میں کامیابی و کامرانی کا ملنا۔دشمن کا مغلوب ہونا۔ |
| 83 | **یَا عَفُوُّ** اے معاف کرنے والے، اے بخشنے والے، اے درگزر کرنے والے | 156 جلالی | گناہوں کا بخشا جانا۔خاتمہ بالخیر ہونا۔بغیر حساب جنت میں داخل ہونا۔دشمنوں کے ہتھیاروں کا ناکارہ ہونا۔گرم مزاج خاوند کا نرم ہونا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 84 | **یَا رَءُوفُ** اے مہربان، اے بہت زیادہ نرمی کرنے والے | 286 جمالی | گناہوں سے بخشش ملنا۔مزاج کا نرم ہونا۔شدید غصہ اور جذبات آتشیں کا ختم ہونا۔لوگوں کی محبت کا بڑھنا۔ظالم سے حق ملنا۔دل میں مہربانی اور شفقت کے جذبات پیدا ہونا۔حاکم وافسر کے سامنے جاتے ہوئے پڑھے تو ان کا نرم ہو جانا۔رخصتی کے وقت عورت کا پڑھنے سے خاوند کا ہمیشہ مہربان رہنا۔ |
| 85 | **یَا مَالِكَ الْمُلْكِ** اے ملک کے مالک، اے قادر مطلق | 212 جلالی | شرک سے پاک ہونا۔کسی کا محتاج نہ ہونا۔شیطانی وسوسوں سے بچنا۔نحوست کا دور ہونا۔نیکی اور بھلائی میں بڑھنا۔ظالم شخص ، حاکم ، افسر کا نرم ہو جانا۔مال و دولت اور عزت میں بے پناہ اضافہ ہونا۔تونگری کا بے حساب ملنا۔جائیداد کے مقدمے میں کامیابی ملنا۔ |
| 86 | **یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ** اے عظمت اور بزرگی والے، اے عطا اور کرم والے | 1094 جلالی | دعاؤں کی قبولیت ہونا ۔مرادوں کا پورا ہونا۔صاحب عزت ہونا۔ہر کام میں کامیابی ملنا۔ذہن اور حافظے کا بڑھنا۔اسرار غیبی کا مشاہدہ ہونا۔مقدمے میں کامیابی ملنا ۔بیوی کا خاوند کی نظر میں باعزت ہونا۔**یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِیَدِكَ الْخَیْرِ وَهُوَ عَلیٰ کُلِّ شَیءٍ قَدِیر**" ه پڑھ کر پانی دم کریں بیماری کا جاتے رہنا۔ہر مشکل کا آسان ہونا۔ |
| 87 | **یَا مُقْسِطُ** اے انصاف کرنے والے | 209 جلالی | رنج و غم سے نجات ملنا۔طبیعت اور مزاج میں نرمی اور حلیمی پیدا ہونا۔شیطانی وسوسوں سے نجات پانا۔دل روشن ہونا۔جس مقصد کیلئے پڑھا جائے مقصد کا پورا ہونا۔دشمن کے حربوں سے محفوظ رہنا۔خاوند کو دم کی ہوئی شئے کھلانے سے اس کا راہِ راست پر آجانا۔ |
| 88 | **یَا جَامِعُ** اے جمع کرنیوالے، اے اکٹھا کرنیوالے | 114 جلالی | غلط فہمیوں کا دور ہونا۔اللہ جل جلالہ کا اچھے دوست احباب عطا فرمانا۔نیک سیرت، نیک نام، نیک اطوار بننا۔ایمان میں پختگی کا ملنا۔دلی سکون اور اطمینان اور روحانی سکون حاصل ہونا۔گم شدہ شئے کا ملنا یا خبر ہو جانا۔جدا ہوئے اہل و عیال کا مل جانا۔ |

| نمبر | اسم | عدد | فوائد |
|---|---|---|---|
| 89 | **یَا غَنِیُّ**<br>اے بے پرواہ، اے بے نیاز | 1060<br>جلالی | اللہ جل جلالہ کا غنی اور بے نیاز کر دینا۔ دل سے لالچ اور طمع جاتا رہنا۔ مال و دولت میں بے پناہ اضافہ اور برکت کا ملنا۔ شیطانی وسوسوں سے اور برائیوں سے محفوظ رہنا۔ حرص و ہوا سے نکل کر آسودگی میں آنا۔ مصیبت میں گرفتار یا مرض میں مبتلا پر وردِ یا غنی پڑھ کر دم کرنا۔ |
| 90 | **یَا مُغْنِیُّ**<br>اے بے پرواہ | 1100<br>جمالی | متوازن مزاج، نرم دل ہونا۔ ظاہر و باطن کی دولت کا ملنا۔ کریم النفس بننا۔ مخلوق سے بے نیاز ہونا۔ مال و دولت کا حاصل ہونا اور کثرت ہونا۔ میاں بیوی کے تعلقات کا خوشگوار ہونا۔ مرضی کے مطابق شادی ہونا۔ بیٹیوں کا مناسب رشتہ نہ ہو رہا ہو تو مناسب رشتہ کا مل جانا۔ |
| 91 | **یَا مُعْطِی**<br>اے دینے والے، اے عطا کرنیوالے، اے فضل و کرم کرنیوالے | 129<br>جمالی | رزق و روزی میں خیر و برکت ملنا۔ سخی ہونا۔ بھلائی اور بہتری کے اسباب پیدا ہونا۔ مخلوق سے بے نیاز ہونا۔ اللہ جل جلالہ کی رحمتوں اور برکات اور فیوض کا ملنا۔ مستجاب الدعوات اور موجب احترام بننا۔ عہدے اور منصب کی ترقی پانا۔ |
| 92 | **یَا مَانِعُ**<br>اے روکنے والے، اے منع کرنیوالے | 161<br>جلالی | بُری عادتوں کا ختم ہونا۔ گناہوں سے نکل جانا۔ نگاہوں کی خیانت سے بچنا۔ نفس امارہ اور شیطانی وسوسوں سے چھٹکارا ملنا۔ حاسدوں سے بچنا۔ سکون قلب ملنا۔ دشمنوں، برائیوں، مصیبتوں اور مشکلات سے بچے رہنا۔ میاں بیوی کی لڑائی، خفگی، غصے کا ختم ہونا۔ باہمی زندگی کا امن، خوشحالی، محبت اور خوشیوں سے معمور ہونا۔ |
| 93 | **یَا ضَآرُّ**<br>اے نقصان پہنچانیوالے | 1101<br>جلالی | اللہ جل جلالہ کے حفظ و امان میں رہنا۔ علم وحکمت اور معرفت کے دروازوں کا کھلنا۔ مشکلات، پریشانیوں، آفات اور مصیبتوں سے بچنا۔ زہریلے سانپوں سے بچنا۔ مرتبے میں اضافہ، ظاہری کمالات میں فروغ حاصل ہونا۔ |
| 94 | **یَا نَافِعُ**<br>اے نفع پہنچانیوالے، اے بھلائی پہنچانیوالے | 201<br>جلالی | ہر مشکل اور مصیبت سے نجات پانا۔ ہر نقصانات اور آفات سے نجات ملنا۔ تجارت میں نفع ہونا۔ رزق حلال میں خیر و برکت اور وسعت ملنا۔ دوران سفر خیر و برکت اور روحانی سکون ملنا۔ صاحب کشف اور صاحب باطن بننا۔ شیطانی اور نفسانی وسوسوں کا ختم ہونا۔ بیوی کی محبت اور اولاد کا صالح ہونا۔ کام شروع کرنے سے پہلے اس ورد سے اللہ کی مدد کا حاصل ہونا۔ |
| 95 | **یَا نُوْرُ**<br>اے روشنی عطا کرنیوالے | 256<br>جمالی | دل کا منور ہونا۔ ظاہری باطنی طہارت اور صفائی کا ملنا۔ اسرارِ الٰہی کا اظہار رہنا۔ تمام جسم کا نور سے منور ہونا۔ گمراہیوں سے بچنا۔ اطمینان ملنا۔ عزت و وقار میں اضافہ ملنا۔ دین و دنیا میں خیر و برکت ہونا۔ آسیب کے اثرات کا ختم ہونا۔ موذی اور زرر رساں جانوروں سے محفوظ ہونا۔ |
| 96 | **یَا ھَادِیُ**<br>اے راہ دکھانے والے، اے ہدایت دینے والے | 20<br>جمالی | علم، عقل، دانش اور برکت میں اضافہ ملنا۔ دل کا ہدایت پر مضبوط ہونا۔ بے راہ روکو رہنمائی حاصل ہونا۔ جلد معرفت حاصل ہونا۔ مسافر یا تاجر کو سفر کرتے ہوئے اس کے ورد سے مال کی حفاظت اور رہنمائی ملنا۔ نشئی بچوں کو پانی دم کر کے دے دیں۔ |
| 97 | **یَا بَدِیْعُ**<br>اے بغیر ذریعے کے پیدا کرنیوالے، اے عدم سے وجود میں لانیوالے | 86<br>جلالی | باعث خیر و برکت ہونا۔ تمام جائز مقاصد میں کامیابی ملنا۔ اسرارِ الٰہی کا حاصل ہونا۔ بگڑے کاموں کا بننا۔ پریشانیوں اور مشکلات سے نکلنے کیلئے **یا بدیع السمٰوات والارض** کا وِرد پڑھتے رہیں۔ استخارہ کرنے کے لئے **یا بدیع العجائب الخیرِ یا بدیع** پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ تو انشاء اللہ اشارہ خود مل جائے گا۔ |
| 98 | **یَا بَاقِیُ**<br>اے ہمیشہ رہنے والے، اے ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والے | 113<br>جلالی | اعلیٰ اوصاف اور کلمات باقیہ والا بننا۔ گناہوں کا بخشا جانا۔ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہنا۔ دشمن کا مطیع ہونا۔ عبادت الٰہی میں شوق ہونا۔ رنج و غم، دکھ، درد اور بیماریوں کا دور ہونا۔ غموں سے آزادی، دنیاوی و دینی درجات میں بلندی ملنا۔ |
| 99 | **یَا وَارِثُ**<br>اے مالک، اے مددگار | 707<br>جمالی | درازی عمر کا ملنا۔ غم و رنج دور ہونا۔ عذاب قبر سے محفوظ ہونا۔ روزی میں اضافہ ہونا۔ مقدمہ میں کامیابی ملنا۔ بانجھ عورت کو اولاد کا ملنا۔ |
| 100 | **یَا رَشِیْدُ**<br>اے سیدھی تدبیر والے | 514<br>جمالی | راہ راست پر آنا۔ کاروبار میں خیر و برکت ہونا۔ مہمات میں کامیابی ملنا۔ دعاؤں کی قبولیت ہونا۔ قوت حافظہ میں اضافہ ہونا۔ لوگوں میں ہر دلعزیزی اور باوقار بننا۔ نیک خصلت اور پاک باطن ہونا۔ ظاہری و باطنی حالات کا درست ہونا۔ ناکامی ختم ہونا۔ کام خوش اسلوبی سے پورا ہونا۔ قوت فیصلہ پیدا ہونا۔ **یَا رَشِیْدُ** کے ورد سے مُرشد کامل کا مل جانا۔ اللہ جل جلالہ کی طرف سے رہنمائی ملنا۔ گمشدہ چیز کا مل جانا۔ **یَا رَشِیْدُ** کا ورد کر کے پانی دم کر کے نشئی کو پلانے سے نشے کی عادت سے نجات ملنا۔ |
| 101 | **یَا صَبُوْرُ**<br>اے بڑے تحمل والے | 298<br>جلالی | اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر رحم اور درگزر اور تحمل فرمانا۔ قوت صبر اور ضبط میں اضافہ ملنا۔ صبر، سکون اور اطمینان ملنا۔ حاسدوں اور دشمن کے شر اور گزند سے بچنا۔ حکام اور منصب داروں کے سامنے باعزت ہونا۔ خاوند کی ناراضگی اور غصے کا جاتے رہنا۔ ہر مشکل اور غم سے نجات ملنا۔ بیماری کی صورت میں صحت کا بحال ہونا۔ کام جو کرے اس کا پورا ہونا۔ رنج و غم دور ہونا۔ سختی پر صبر نصیب ہونا۔ شدید صدمے سے باہر نکل آنا۔ صابر بن جانا۔ بیماری اور درد کا دور ہونا۔ بیوی کے ساتھ بہتر سلوک ہونا۔ |

# ناموں کے مطابق اسمِ الٰہی کے وظیفے کا نکالنے کا طریقہ

جس کیلئے اسمِ الٰہی کے وظیفے کو نکالنا ہو اس کا نام لکھیں اس نام کے حروف ابجد کا مجموعہ نکالیں خیال رکھیں کے نام نکالتے ہوئے اس شخص کی ذات پات جیسا کہ رانا، چوہدری، میاں وغیرہ نہیں لکھے جاتے۔ نام کے ساتھ حروف ابجد کے مجموعہ کو اللہ جل جلالہ کے ناموں کے حروف ابجد کو دیکھیں اللہ جل جلالہ کے ایک نام یا دو نام یا تین نام کا مجموعہ وہی ہونا چاہیئے جو بندے کے ناموں کے حروف ابجد کے مجموعے کے برابر ہے۔ مندرجہ ذیل بندوں کیلئے اللہ جل جلالہ کے ناموں کا وظیفہ اور طریقہ دیا گیا ہے۔

محمد عمران علی (110+361+92) = 563

563 = 113+450 — یَا مُقِیتُ (40)، یَا بَاقِیُ (98)

563 = 212+351 — یَا رَافِعُ (24)، یَا مَالِكُ الْمُلْكِ (85)

563 = 37+526 — یَا شَكُورُ (36)، یَا اَوَّلُ (74)

563 = 258+305 — یَا قَادِرُ (70)، یَا رَحِيْمُ (3)

312+232+19 =563 یا رَقِیبُ یا کَبِیرُ یا وَاجِدُ 312+161+90 = 563 یا رَقِیبُ یا مَانِعُ یا مَالِکُ

44 38 67 44 92 4

312+137+114=563 یا رَقِیبُ یا وَاسِعُ یا جَامِعُ 312+134+117 = 563 یا رَقِیبُ یا صَمَدُ یا مُعِزُّ

44 46 88 44 69 25

شمیم اختر (1201+390) = 1591

490+1101 = 1591 یا مُمِیتُ یا حَنَّانُ 1481+110 = 1591 یا خَافِضُ یا عَلِیُّ

62 93 23 37

1286+305=1591 یا غَفُورُ یا قَادِرُ 1094+450+47 = 1591 یا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام یا مُقِیتُ یا وَالِیُ

35 70 86 40 78

1094+409+88= 1591 یا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام یا تَوَّابُ یا حَلِیمُ

86 81 33

1094+336+161=1591 یا ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام یا مُصَوِّرُ یا مَانِعُ

86 14 92

319+1060+212 =1591 یا شَهِیدُ یا ظَاهِرُ یا مَالِکُ الْمُلْکِ

51 76 85

مندرجہ بالا وظائف کے جتنے بھی جوڑے بنے ہوئے ہیں ان کو اللہ جل جالہ کے ناموں کے سامنے بیان کئے ہوئے خواص اور فوائد کو غور سے پڑھیں اور کوئی بھی ان وظائف کا ورد اس بندے کے مسائل کے جو قریب تر ہے وہی بطور وظیفہ اپنالیں۔

## حاجت روائی کیلئے مزید طریقے

**1**۔ کسی بھی وظیفہ کو آیت **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o** کے ساتھ پڑھیں اگر کسی کا وظیفہ **یَاسَمِیْعُ یَا کَرِیْمُ** بنتا ہے تو وہ **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o یَاسَمِیْعُ یَا کَرِیْم** کا ورد کرے گا۔ مسلم شریف میں ایک حدیث میں بیان کیا گیا ہے کہ جب بندہ کہتا ہے **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o** تو اللہ جل جالہ اس کے جواب میں فرماتا ہے اے بندے جو تم نے مانگا ہے وہ دے دیا گیا ہے۔ **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o** کے ساتھ پڑھا ہوا وظیفہ یقیناً کامیابی ہے۔

**2**۔ کسی بھی حاجت روائی کیلئے فرض نمازوں اور سنتوں کے درمیان **21** بار **الحمد** شریف پڑھیں۔

**3**۔ حاجت روائی کیلئے دو نفل اس طرح پڑھیں کہ پہلی رکعت میں جب **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ o** آئے تو اسے اُدھر ہی **101** مرتبہ دہرائیں اور آگے **اِهْدِ نَاالصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ** پڑھتے ہوئے **الحمد** شریف پوری کریں۔ اور حسب دستور پہلی رکعت پوری کریں۔ دوسری رکعت میں بھی یہی عمل دہرائیں، سب سے بہتر یہ ہے کہ الحمد شریف کے بعد قل شریف ہردو رکعت میں تین تین بار یا گیارہ گیارہ بار پڑھا جائے یہ نفل اس دن تک پڑھتے رہیں جب تک کہ مراد پوری نہیں ہوتی۔

**4**۔ **سورۃ یٰسین** روزانہ ایک بار اس طرح پڑھیں کہ ہر **مُبِین** پر رُک کر سات بار **الحمد** شریف بمعہ **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ** پڑھیں۔ **سورۃ یٰسین** پڑھتے ہوئے **مُبِین** سے پیچھے نہیں آنا آگے ہی پڑھنا ہے۔ اور یہ **سورۃ یٰسین** اس دن تک ایک بار پڑھتے رہیں جب تک کہ مراد پوری نہیں ہوتی

زندگی میں یہی دیکھا ہے کہ جس کسی نے بھی اللہ جل جالہ کے ناموں کا ورد کیا تو اس کی تقدیر ہی بدل گئی۔ زانیوں کا زنا جاتا رہا، بد خلق خوش خلق ہو گئے، بے نمازی نمازی ہو گئے، حتیٰ کہ تہجد گزار بن گئے، قاتلوں نے اپنی زندگی کو بدل ہی لیا۔ التماس ہے کہ اللہ جل جالہ کے ناموں کا وظیفہ اب ہی شروع کر لیں اور اللہ جل جالہ سے اپنی تقدیروں کو بدلوالیں۔

# مقصد تحریر

**لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ** کے **12** حروف ہیں محمد رسول اللہ کے بھی **12** حروف ہیں کلمہ طیب کے **24** حروف ہیں، وقت کے **24** گھنٹے ہیں۔ جس نے جب بھی کلمہ **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ** پڑھ لیا تو اللہ جل جالہ نے اس کے سب گناہ معاف کر دیئے۔ **لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ** میں اسم اللہ جل جالہ ہے اور محمد رسول اللہ (ﷺ) میں اسم محمد (ﷺ) ہے کلمہ میں دو ہی محبتیں ہیں، محبت اللہ جل جالہ اور محبت رسول ﷺ، دو ہی قرب ہیں۔ قرب اللہ جل جالہ اور قرب رسول (ﷺ)۔ دو ہی اطاعتیں ہیں، اطاعتِ اللہ جل جالہ اور اطاعت محمد رسول اللہ (ﷺ) اور دو ہی ذکر ہیں۔ ذکر اللہ جل جالہ اور ذکر رسول اللہ (ﷺ)۔ کلمے ہی سے ایمان ہے اور کلمہ ہی افضل ذکر ہے، کلمہ ہی حقیقت ہے اور کلمہ سے ہی حاصل مقصود ہے۔ کلمہ میں ایک بنانے والا اللہ جل جالہ ہے اور ایک بننے والا محمد (ﷺ) ہے۔ ایک رب العالمین ہے اور دوسرا رحمت العالمین۔ جس جس عالم میں ربوبیت ہے

وہاں وہاں رسول (ﷺ) رحمت ہیں۔ کلام پاک میں ہے۔ **وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ**
کلمے کی نسبت سے انسان کیلئے پانچ مقام ہیں۔

**1**۔ ''دنیا'' : اسکا بہترین طریقے سے گذرنا، کھانا پینا، پہننا اور رہنا۔ غربت اسلام کا نام نہیں۔ جب بار بار اللہ جل جلالہ فرماتا ہے **وَ اَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَ اٰتُوا الزَّكٰوةَ** (نماز قائم کرو اور زکوٰۃ دو) اللہ جل جلالہ نے اگر انسان کو غریب رکھنا ہوتا تو اس کو زکوٰۃ دینے کا حکم بار بار نہ فرماتا۔ ایک حدیث میں اس طرح ہے کہ جو بندہ تین بار نماز فجر کے بعد اور تین بار نماز مغرب کے بعد اس طرح کہتا ہے ''اے اللہ جل جلالہ نبی کریم ﷺ کی امت کو بخش دے۔ نبی کریم ﷺ کی امت پر رحم فرما اور نبی کریم ﷺ کی امت کا رزق کشادہ فرما۔ تو اللہ جل جلالہ اس شخص کی بخشش اپنے ذمے لیتا ہے۔

اتباع رسول ﷺ۔ رسول ﷺ پر خوب تر درود سلام بھیجنا۔ سب سے بڑھ کر آپ ﷺ کی خواب میں زیارت نصیب ہونا۔ آپ ﷺ اس طرح فرماتے ہیں ''جس نے مجھے خواب میں دیکھا یقیناً اس نے مجھے ہی دیکھا۔ شیطان میری صورت میں نہیں آ سکتا''۔

**2**۔ ''نزاع'' : ظاہری دنیا میں انسان کو علم نہیں دیا گیا کہ وہ ولی ہے یا کہ نہیں۔ اس کا بھید نزاع میں ہی کھلتا ہے ۳۰سورت فجر (۲۷) اے اطمینان والی روح (۲۸) تو لوٹ جا اپنے رب کی طرف تو اس سے راضی وہ تجھ سے راضی (۲۹) پس داخل ہو جا میرے بندوں میں (۳۰) اور داخل ہو جا میری جنت میں۔

اگر اچھا پیغام ملا تو خوش قسمتی ورنہ بدبختی۔ سورۃ یوسف میں بیان ہے کہ جب یوسف علیہ سلام گذرے اور مائی زلیخا کی سہیلیاں پھل کاٹ رہی تھیں تو انہوں نے کہا حاشاللہ۔ یہ انسان نہیں یہ تو فرشتہ ہے۔ پھل کاٹتے ہوئے انگلیاں کٹ گئیں پتہ نہیں چلا۔ (ترجمہ قرآن پاک) اس کیفیت کو سامنے رکھتے ہوئے آسانی نزاع کیلئے رب باری تعالیٰ سے التجا کرتے رہیں۔ '' اے اللہ جل جلالہ تجھے حسن یوسف کا واسطہ جب نزاع کا وقت ہو تو زیارت رسول ﷺ ہو اور زبان پر **لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ** ہو اور اس طرح دم واپسی ہو۔

**3**۔ ''مقام قبر'' : سب سے پہلے پوچھا جاتا ہے **مَنْ رَّبُّكَ** (تیرا رب کون ہے) **مَا دِيْنُكَ** (تیرا دین کیا ہے) ابھی تیسرا سوال نہیں ہوتا کہ چہرہ رسول ﷺ سامنے آتا ہے جس کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے "اے بندے تیرا اس پر کیا ایمان تھا تیرا کیا گمان تھا"۔ جس نے کہا ہا ہا تو اس کی قبر دوزخ کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا بن گئی اور جس نے کہا محمد رسول اللہ (ﷺ) تو اس کی قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بن گئی۔ عاشق تو یہی خواہش کرتے ہیں کہ اگر قرآن کی سورت تبارک اللہ پڑھنے والے کے لیئے قبر میں آ کر اسے اپنے پروں میں لپیٹ لیتی ہے اور ملائکہ کو سوال و جواب نہیں کرنے دیتی تو **وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ** کے کیا معنی ہیں۔ وہ تو قبر میں بھی آپ ﷺ کی تشریف آوری کے متمنی ہوتے ہیں۔

**4**۔ ''مقام قیامت'' : قیامت کے دن آپ ﷺ کے قرب میں سے عرش کے سایہ کے نیچے اٹھنا۔

اس کی ہولناکیوں اور ذلت سے بچنا، پل صراط کے مقام سے تیزی سے گذر جانا۔ آپ ﷺ کی سرکردگی میں رب باری تعالیٰ جل جلالہ کو سجدہ کرنا کیونکہ آپ ہی امام انبیاء، امام رُسل اور امام کائنات ہیں۔

(۲۹) سورۃ قلم (۴۲) جس روز ایک ساق سے پردہ اٹھایا جائے گا تو انکو سجدہ کی طرف بلایا جائے گا تو وہ اس وقت سجدہ نہ کر سکیں گے۔

(۴۳) ندامت سے ان کی آنکھیں جھکی ہوں گی ان پر ذلت چھا رہی ہوگی حالانکہ انہیں (دنیا میں) سجدہ کی طرف بلایا جاتا تھا جب کہ وہ صحیح سلامت تھے۔

(۴۴) پس آپ مجھے اور اسے جو اس کتاب کو جھٹلاتا ہے چھوڑ دیجئے ہم انہیں بتدریج تباہی کی طرف اس طرح لے جائیں گے انہیں علم تک نہ ہوگا۔

جو دنیا میں سجدہ نہیں کرتا تو وہ قیامت کے دن رب جل جلالہ کو سجدہ نہیں کر سکے گا۔ دو حدیثوں میں اس طرح بیان ہے۔ پہلا یہ کہ جو سجدہ نہیں کرتا اس کی کمر تختہ بن جائے گی۔ دوسرا یہ کہ اس کے جسم میں دھات کی سلاخ آ جائے گی اور وہ جھک نہیں سکے گا۔ التجا ہے کہ آپ اب بھی اپنی نماز کو شروع کر لیں۔ آپ دنیا میں تو رسول ﷺ کے وقت پیدا نہیں ہوئے اور نہ ہی انکے پیچھے کوئی موقع مل سکا۔ اب قیامت کے دن ہی انتظار ہے کہ کب موقع ملے اور اس دنیا میں سجدہ شروع کر لیں تا کہ قیامت کے دن آپ ﷺ کی سرکردگی میں سجدہ ریز ہو سکیں۔ آپ ﷺ کی شفاعت نصیب ہونا اور آپ ﷺ کے ہاتھوں سے آب کوثر ملنا۔

**5**۔ ''دیدار الٰہی'' : قرآن پاک میں جہاں کہیں ملاقات کے بارے میں ذکر آیا وہاں ملاقات باری تعالیٰ جل جلالہ بھی

قیامت کے دن بیان کی گئی ہے۔جولوگ اس دنیا میں اللہ جل جلالہ کی ملاقات کے طلبگار ہیں ان کو اللہ جل جلالہ کی ملاقات ہوکر رہے گی۔حدیث پاک میں اس طرح بیان ہے کہ جب آپ ﷺ نے دیدار باری تعالیٰ کی بات کی تو صحابہء کرام نے عرض کی۔کیا ہم اللہ جل جلالہ کو دیکھیں گے۔آپ ﷺ نے پوچھا کیا تم انکار کرتے ہو کہ روزانہ سورج نہیں نکلتا۔ تو عرض کی کہ انکارنہیں کرتے۔کیا چودھویں رات کا چاند نہیں نکلتا۔عرض کی انکارنہیں کرتے۔ تو آپ ﷺ نے اس طرح فرمایا جیسا کہ تم روزانہ سورج کے نکلنے اور چودھویں رات کے چاند کے دیکھنے کا انکارنہیں کرتے تو قیامت کے دن تم انکارنہیں کرسکو گے کہ رب باری تعالیٰ جل جلالہ کونہیں دیکھا۔ہر نماز کے بعد عرض کیا کرو ''اے اللہ جل جلالہ تو نے دنیا میں مجھ پر اتنے احسان کیے جنہیں میں نہیں گن سکتا''۔قیامت کے دن ایک اور احسان فرمانا۔تیری بہترین ملاقات کا طلبگار ہوں اپنا دیدار نصیب فرمانا۔آمین ! (تین دفعہ دہرائیں)۔

نماز کے بعد ایک اور دعا مانگتے رہیں اے اللہ جل جلالہ میں تجھ ہی سے تجھ کو تیرے رسول ﷺ کو (شفاعت) اور دعاؤں کی قبولیت ہمیشہ ہمیشہ کیلئے مانگتا ہوں عطا فرما۔آمین ! (تین دفعہ دہرائیں)۔

محتاجی سے بچنے کیلئے ایک اور دعا مانگیے۔اے اللہ جل جلالہ اس دنیا میں رہتے ہوئے کسی کا محتاج نہ ہونے دینا۔اس کا کیا محتاج ہونا جو خود تیرا محتاج ہے اپنا محتاج رکھ (تین دفعہ دہرائیں)۔

ایک اور دعا یہ ہے اے اللہ جل جلالہ دنیا میں رسول ﷺ نے جتنی بھی تجھ سے دعائیں مانگیں اس کے ثمرات سے مجھے اور امت رسول ﷺ کو نواز دے۔آمین ! (تین بار دہرائیں)۔

# اَسمَآءُ الحُسنٰی
## حروف ابجد کی ترتیب سے

| نمبرشمار | نام | | حروف ابجد |
|---|---|---|---|
| 68 | یَاآَحَدُ | جلالی | 13 |
| 17 | یَاوَھَّابُ | جمالی | 14 |
| 65 | یَا وَاجِدُ | جلالی | 14 |
| 67 | یَاوَاحِدُ | جلالی | 19 |
| 48 | یَاوَدُوْدُ | جمالی | 20 |
| 96 | یَاھَادِیُ | جمالی | 20 |
| 63 | یَاحَیّ | جمالی | 28 |
| 74 | یَاآَوَّلُ | جلالی | 37 |
| 56 | یَاوَلِیُّ | جمالی | 46 |
| 78 | یَاوَالِیُ | جمالی | 47 |
| 66 | یَامَاجِدُ | جلالی | 48 |
| 45 | یَامُجِیْبُ | جمالی | 55 |
| 59 | یَامُبْدِئُ | جلالی | 56 |
| 49 | یَامَجِیْدُ | جمالی | 57 |
| 57 | یَاحَمِیْدُ | جمالی | 62 |
| 77 | یَابَاطِنُ | جمالی | 62 |
| 1 | یَاآَللّٰہُ | ذات | 66 |
| 53 | یَاوَکِیْلُ | جمالی | 66 |
| 29 | یَاحَکَمُ | جمالی | 68 |
| 61 | یَامُحْیِیُ | جمالی | 68 |
| 22 | یَابَاسِطُ | جمالی | 72 |
| 42 | یَاجَلِیْلُ | جلالی | 73 |
| 47 | یَاحَکِیْمُ | جمالی | 78 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 41 | یَاحَسِیْب | جمالی | 80 |
| 97 | یَا بَدِیْعُ | جلالی | 86 |
| 33 | یَاحَلِیْمُ | جمالی | 88 |
| 4 | یَامَالِکُ | جلالی | 90 |
| 9 | یَاعَزِیْزُ | جمالی | 94 |
| 30 | یَاعَدْلُ | جمالی | 104 |
| 52 | یَاحَقُّ | جلالی | 108 |
| 37 | یَاعَلِیّ | جلالی | 110 |
| 98 | یَابَاقِیُ | جلالی | 113 |
| 88 | یَاجَامِعُ | جلالی | 114 |
| 54 | یَاقَوِیُّ | جلالی | 116 |
| 25 | یَامُعِزُّ | جمالی | 117 |
| 60 | یَامُعِیْدُ | جمالی | 124 |
| 15 | یَاغَفَّارُ | جمالی | 128 |
| 31 | یَالَطِیْفُ | جمالی | 129 |
| 91 | یَا مُعْطِیُ | جمالی | 129 |
| 6 | یَاسَلَامُ | جمالی | 131 |
| 69 | یَاصَمَدُ | جلالی | 134 |
| 7 | یَامُؤْمِنُ | جمالی | 136 |
| 46 | یَاوَاسِعُ | جمالی | 137 |
| 8 | یَامُھَیْمِنُ | جمالی | 145 |
| 58 | یَامُحْصِیُّ | جلالی | 148 |
| 20 | یَاعَلِیْمُ | جمالی | 150 |
| 64 | یَاقَیُّوْمُ | جلالی | 156 |
| 83 | یَاعَفُوّ | جلالی | 156 |
| 92 | یَامَانِعُ | جلالی | 161 |



| | | | |
|---|---|---|---|
| 5 | یَاقُدُّوْسُ | جمالی | 170 |
| 27 | یَاسَمِیْعُ | جمالی | 180 |
| 72 | یَامُقَدِّمُ | جلالی | 184 |
| 94 | یَانَافِعُ | جلالی | 201 |
| 80 | یَابَرُّ | جلالی | 202 |
| 10 | یَاجَبَّارُ | جلالی | 206 |
| 87 | یَامُقْسِطُ | جلالی | 209 |
| 85 | مَالِکَ الْمُلْکِ | جلالی | 212 |
| 13 | یَابَارِئُ | جلالی | 213 |
| 38 | یَاکَبِیْرُ | جمالی | 232 |
| 95 | یَانُوْرُ | جمالی | 256 |
| 3 | یَارَحِیْمُ | جمالی | 258 |
| 43 | یَاکَرِیْمُ | جمالی | 270 |
| 84 | یَارَءُوْفُ | جمالی | 286 |
| 2 | یَارَحْمٰنُ | جمالی | 298 |
| 101 | یَاصَبُوْرُ | جلالی | 298 |
| 28 | یَابَصِیْرُ | جمالی | 302 |
| 70 | یَاقَادِر | جلالی | 305 |
| 16 | یَاقَھَّارُ | جلالی | 306 |
| 18 | یَا رَزَّاقُ | جمالی | 308 |
| 44 | یَارَقِیْبُ | جمالی | 312 |
| 51 | یَا شَھِیْدُ | جمالی | 319 |
| 14 | یَامُصَوِّرُ | جلالی | 336 |
| 24 | یَارَافِعُ | جمالی | 351 |
| 81 | یَاتَوَّابُ | جمالی | 409 |
| 40 | یَامُقِیْتُ | جمالی | 450 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 19 | یَافَتَّاحُ | جمالی | 489 |
| 62 | یَامُمِیْتُ | جلالی | 490 |
| 55 | یَامَتِیْنُ | جمالی | 500 |
| 100 | یَارَشِیْدُ | جمالی | 514 |
| 36 | یَاشَکُوْرُ | جمالی | 526 |
| 79 | یَامُتَعَالِیُ | جلالی | 541 |
| 50 | یَابَاعِثُ | جمالی | 573 |
| 82 | یَامُنْتَقِمُ | جمالی | 630 |
| 11 | یَامُتَکَبِّرُ | جلالی | 662 |
| 99 | یَاوَارِثُ | جمالی | 707 |
| 12 | یَاخَالِقُ | جمالی | 731 |
| 71 | یَامُقْتَدِرُ | جلالی | 744 |
| 26 | یَامُذِلُّ | جلالی | 770 |
| 75 | یَاآخِرُ | جلالی | 801 |
| 32 | یَاخَبِیْرُ | جمالی | 812 |
| 73 | یَامُؤَخِّرُ | جلالی | 846 |
| 21 | یَاقَابِضُ | جلالی | 903 |
| 39 | یَاحَفِیْظُ | جمالی | 998 |
| 34 | یَاعَظِیْمُ | جمالی | 1020 |
| 89 | یَاغَنِیُّ | جلالی | 1060 |
| 86 | ذُوالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ | جلالی | 1094 |
| 90 | یَامُغْنِیُ | جمالی | 1100 |
| 93 | یَاضَآرُ | جلالی | 1101 |
| 76 | یَاظَاھِرُ | جلالی | 1106 |
| 35 | یَاغَفُوْرُ | جمالی | 1286 |
| 23 | یَاخَافِضُ | جلالی | 1481 |